AQF / Shabbir

08-04-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

- ☆ پردھان منتری مدرا یوجنا کے آج 10 سال مکمل ہورہے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی اب سے کچھ دیر بعد اسکیم کے استفادہ کنندگان سے بات چیت کریں گے۔
- ☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو پرتگال کے اُن کے 2 روزہ دورے کے دوران لزبن شہر کے اہم اعزاز سے نوازا گیا۔
- ☆ دبئی کے ولیعہد شہزادہ شیخ حمدان بن محمد المختوم آج بھارت کا دورہ کریں گے۔
- ☆ عالمی اسٹاک مارکیٹ میں اُتھل پتھل کے دوران عالمی رہنما صدر ٹرمپ کی محصولات کی جنگ کے خلاف یکجا ہورہے ہیں۔
- ☆ امریکہ کی سپریم کورٹ نے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے کلیدی ملزم تہور رانا کی اُس درخواست کو مسترد کردیا ہے، جس میں اُس نے اپنی بھارت حوالگی پر روک لگانے کا مطالبہ کیا تھا۔
- ☆ اور IPL کرکٹ میں، رائل چیلنجرس بینگلورو نے ممبئی انڈینس کو 12 رن سے شکست دی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

MUDRA-LOAN

پردھان منتری مُدرا یوجنا کے 10 سال مکمل ہونے پر وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں مدرا یوجنا کے مستفیدین سے بات چیت کریں گے۔ یہ پروگرام آج صبح 9 بجے نشر کیا جائے گا۔ پردھان منتری مُدرا یوجنا کے تحت اب تک 32 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے 52 کروڑ سے زیادہ قرضے دیئے جاچکے ہیں۔ اس اسکیم کا آغاز 2015 میں وزیراعظم نریندر مودی نے کیا تھا، تاکہ غیر کارپوریٹ، غیر زرعی، چھوٹی اور بہت چھوٹی صنعتوں کو 10 لاکھ روپے تک کے ضمانت کے بغیر قرضے فراہم کئے جاسکیں، جس کا مقصد مالی شمولیت میں سہولت فراہم کرنا اور کاروباریوں کو بااختیار بنانا ہے۔

ایک رپورٹ۔ V-C Saklen

*2015 میں شروع ہوئی مدرا یوجنا کے آج 10 سال مکمل ہو رہے ہیں۔ اس اسکیم کے تحت تین*

طرح کے قرض فراہم کیے جاتے ہیں۔ اس میں 50 ہزار روپے تک **Shishu** قرض، پانچ لاکھ روپے تک کے **Kishor** قرض اور 10 لاکھ روپے تک کے **Tarun** قرض شامل ہیں۔ مدرا قرضوں کا تقریباً 70 فیصد فائدہ خاتون کاروباریوں نے اٹھایا ہے جس سے ان کی مالی خود مختاری میں اضافہ ہوا ہے اور صنفی مساوات میں مدد ملی ہے۔ اس اسکیم نے پسماندہ گروپوں کو کاروبار کے ذریعہ اپنے ذریعۂ معاش کو برقرار رکھنے کے قابل بناکر ان کے اندر خود کفیل ہونے کا احساس پیدا کیا ہے۔ **SC**، **ST** اور **OBC** کاروباریوں نے سبھی مدرا قرضوں کا 50 فیصد سے زیادہ حصہ حاصل کیا ہے۔ گذشتہ برسوں کے دوران مدرا یوجنا نے بھارت کے کاروباری منظر نامے کو نئی شکل دی ہے، جس نے مالی شمولیت کیلئے ایک ماڈل کے طور پر اسے ایک عالمی شناخت دی ہے۔

ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ........

## PREZ-PORTUGAL VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو پرتگال کے شہر لزبن کی طرف سے باوقار **'Key of Honour'** پیش کی گئی۔ یہ علامتی اعزاز لزبن کے میئر **Karlos Moedas** کی جانب سے تاریخی **Camara Municipal de Lisboa** میں پیش کیا گیا، اس طرح صدر مرمو کو سرکاری طور پر شہر کی اعزازی شہری تسلیم کیا گیا۔ صدر مرمو نے میئر اور لزبن کے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس باوقار اعزاز پر، اُن کے پرخلوص رویئے، تحمل کے جذبے اور تنوع کے احترام کو سراہا۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر مرمو نے کہا کہ پرتگال نے بھارت کیلئے ایک اہم شراکت دار کے طور پر یوروپی یونین اور ان ممالک کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنانے میں مدد دی ہے، جہاں پرتگالی سرکاری زبان ہے۔صدر جمہوریہ نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بھارتی افراد پرتگال میں چوتھی بڑی کمیونٹی ہیں، جو دونوں ثقافتوں کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرتے ہیں اور ملک کی معیشت میں نمایاں کردار ادا کررہے ہیں۔ صدر مرمو نے بھارت کے وژن کا ذکر کیا، جو 'واسو دھیو کٹم بکم' کے اصولوں پر مبنی ہے، تاکہ 2047 تک ایک ترقی یافتہ بھارت تشکیل دیا جاسکے۔ انہوں نے ایک پائیدار دنیا کے قیام کے عزم کا اعادہ کیا، جس میں پرتگال کو ایک قابل اعتماد شراکت دار کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔پرتگال کے اپنے دورے کے دوسرے اور آخری دن صدر مرمو پرتگال کے وزیراعظم **Luis Montenegro** سے ملاقات کریں گی۔

پیش ہے صدر کے دورے کو کوور کرنے والی ہماری نامہ نگار کی یہ رپورٹ۔ **V-C Pooja P Vardhan**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اپنے پُرتگال دورے کے دوسرے اور آخری دن پرتگالی وزیراعظم **Luis Montenegro** سے ملاقات کریں گی۔ صدرِ جمہوریہ پُرتگالی جمہوریہ کی اسمبلی، چمپالم فاؤنڈیشن اور رادھا کرشن مندر کا بھی دورہ کریں گی۔ صدرِ جمہوریہ **Alameda** میں مہاتما گاندھی کے

مجسمے کا بھی دورہ کریں گی اور مہاتما گاندھی اور کستوربا گاندھی کے مجسموں پر گلہائے عقیدت نذر کرینگی۔

**LISBON** سے پوجا وردھن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**GUJARAT AICC**

آل انڈیا کانگریس کمیٹی، **AICC** کا 84 واں قومی کنونشن آج سے گجرات کے احمد آباد میں شروع ہوگا۔ پہلے دن کانگریس کی اعلیٰ ترین فیصلہ ساز تنظیم، سینٹرل ورکنگ کمیٹی، **CWC** کا آج احمد آباد کے سردار ولّبھ بھائی پٹیل نیشنل میموریل میں اجلاس ہوگا، جبکہ **AICC** اجلاس کل سابرمتی ریور فرنٹ پر منعقد ہوگا۔تقریب میں کانگریس کے قومی صدر ملک ارجن کھڑگے، لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی، کانگریس پارلیمانی پارٹی کی رہنما سونیا گاندھی، کانگریس کی حکمرانی والی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ، ریاستی صدور اور کانگریس ورکنگ کمیٹی کے اراکین شرکت کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C Aparna Khunt**

*آزادی کے بعد یہ کانگریس کا گجرات میں دوسرا **AICC** اجلاس ہوگا۔ یہ اجلاس مہاتما گاندھی کی پارٹی صدارت کے سو سال مکمل ہونے اور سردار ولّبھ بھائی پٹیل کے 150ویں یومِ پیدائش پر منعقد کیا جا رہا ہے۔ اِس دو روزہ انعقاد کے دوران کانگریس رہنما، قومی سیاست کے مختلف اہم معاملات پر تبادلہَ خیال کریں گے اور مستقبل کے نقشہ راہ پر غوروخوض کریں گے۔ اِس دوران تنظیمی ڈھانچے کی تشکیلِ نو کے اعلان کی بھی توقع ہے۔ اس کے بعد پارٹی رہنما آج شام مندوبین کے ساتھ سابرمتی آشرم میں پرارتھنا کے لیے جمع ہوں گے جو مہاتما گاندھی کی جدوجہد آزادی کا علامتی مرکز رہا ہے۔ شام کو سابرمتی ندی کے کنارے بنے ریور فرنٹ ایونٹ سینٹر میں ثقافتی پروگرام کا انعقاد کیا جائے گا۔قومی کنونشن میں ملک بھر سے تین ہزار سے زیادہ مندوبین کی شرکت کا امکان ہے۔*

*احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......*

**DUBAI CROWN PRINCE**

دبئی کے ولیعہد شہزادے نائب وزیراعظم اور **UAE** کے وزیر دفاع شیخ حمدان بن محمد المختوم آج بھارت کے دو روزہ دورے پر نئی دلّی پہنچیں گے۔ دبئی کے ولیعہد شہزادے کی حیثیت سے بھارت کا اُن کا یہ پہلا سرکاری دورہ ہوگا۔ بہت سے

وزراء، سینئر سرکاری حکام اور اعلیٰ سطح کا ایک کاروباری وفد بھی اُن کے ہمراہ آئے گا۔ خارجی امور کی وزارت نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی آج سہ پہر ولیعہد شہزادے کے اعزاز میں ایک ظہرانے کا اہتمام کریں گے۔ دورے پر آئے معزز مہمان وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے ساتھ بھی میٹنگ کریں گے۔

شام میں ولیعہد ہ شہزادے ممبئی کیلئے روانہ ہوجائیں گے، جہاں وہ دونوں ملکوں کے سرکردہ کاروباری رہنماؤں کے ساتھ ایک کاروباری گول میز اجلاس میں شرکت کریں گی۔ اس بات چیت سے روایتی اور مستقبل کے شعبوں میں بھارت اور UAE کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعاون مستحکم ہوگا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Suparna**

*بھارت اور متحدہ عرب امارات کے درمیان روایتی اعتبار سے مضبوط دوطرفہ رشتوں کو 2015 میں وزیراعظم نریندر مودی کے UAE کے دورے سے نئی تحریک ملی۔ اس سے دونوں ملکوں کے درمیان نئی جامع اور اسٹریٹیجک شراکت داری کا آغاز ہوا۔ دبئی نے، UAE کے ساتھ بھارت کے تجارتی، ثقافتی اور عوام سے عوام کے درمیان رابطے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ UAE میں تقریباً چار اعشاریہ تین ملین افراد پر مشتمل بھارتی برادری کی بیشتر تعداد دبئی میں رہتی ہے اور کام کرتی ہے۔ ولی عہد شہزادہ کے دورے سے بھارت - UAE کے درمیان جامع اسٹریٹیجک شراکت داری مزید مضبوط ہوگی اور دبئی کے ساتھ کثیر جہتی روابط مستحکم ہونگے۔*

*سپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں........*

**TRUMP ADDITIONAL TARIFF**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ اگر چین محصولات سے متعلق اپنے جوابی اقدام کو واپس نہیں لیتا ہے تو وہ امریکہ میں درآمد ہونے والے چینی سازوسامان پر 50 فیصد کا اضافی محصول عائد کردیں گے۔ اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم Truth Social پر ایک پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ اگر چین آج امریکی سازوسامان پر اپنے 34 فیصد کے جوابی محصول کو واپس نہیں لیتا ہے تو چین کے سازوسامان پر اضافی محصول لگایا جائے گا۔

اس سے پہلے بدھ کے روز ٹرمپ نے اعلان کیا تھا کہ وہ ''آزادی کے دن'' کے حصے کے طور پر چینی درآمدات پر 34 فیصد محصول لگائیں گے۔ ٹرمپ نے چین کے ذریعے جوابی کارروائی کرنے پر اسے تنقید کا نشانہ بنایا جبکہ انھوں نے متنبہ کیا تھا کہ اگر کسی ملک نے اضافی محصولات کے ساتھ امریکہ کے خلاف جوابی کارروائی کی تو اسے کافی زیادہ نئے محصولات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جواب میں چین نے دلیل دی کہ دباؤ ڈالنا اور دھمکی دینا رابطے کا صحیح طریقہ نہیں ہے۔

**PUNJAB AYUSHMAN SCHEME DUES**

مرکزی وزارت صحت آیوشمان بیمہ اسکیم کے تحت ریاستِ پنجاب صحت ایجنسی کے بقایا جات کی ادائیگی کے لیے تیار ہوگئی ہے۔ مرکزی وزیرِ صحت جے پی نڈّا نے پنجاب کے وزیرِ صحت ڈاکٹر بلبیر سنگھ کو تیقن دیا کہ کچھ کارروائیوں کی تکمیل کے بعد اسکیم کے کامیاب نفاذ کے لیے تقریباً 50 کروڑ روپے جاری کیے جائیں گے۔ ڈاکٹر بلبیر سنگھ نے اس کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی وزیرِ صحت، اُن کی اُس تجویز پر بھی راضی ہوگئے ہیں، جس میں کسی مستند پرچے کے بغیر ممنوعہ سائیکو ٹروپک دوائیں فروخت کرنے والی ای۔فارمیسیز کے خلاف سخت ضابطے تیار کرنے کی بات کہی گئی ہے۔x

**AMIT SHAH-J&K VISIT**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کل شام سری نگر پہنچ گئے ہیں۔ سری نگر ہوائی اڈے پر لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیرِاعلیٰ عمرعبداللہ نے اُن کا خیر مقدم کیا۔ BJP کی سینئر رہنما اور جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر درخشاں Andrabi نے بھی سری نگر ہوائی اڈے پر وزیر داخلہ امت شاہ کا خیر مقدم کیا۔ کشمیر پہنچنے کے فوراً بعد جناب شاہ وزیرِاعلیٰ عمرعبداللہ کے ہمراہ پولیس کے نائب سپرنٹنڈنٹ ہمایوں مزمل کی رہائش گاہ پر گئے، جنہوں نے 13 ستمبر 2023 کو جنوبی کشمیر کے Kokernag علاقے میں دہشت گردوں کے ساتھ ایک مڈبھیڑ کے دوران اپنی جان گنوادی تھی۔ جناب امت شاہ نے دیر شام راج بھون میں میٹنگیں کیں اور افراد اور وفود سے بات چیت کی۔

مرکزی وزیر داخلہ اتوار کے روز جموں وکشمیر کے تین روزہ دورے پر جموں پہنچے تھے۔ جناب شاہ نے موسم سرما کی راجدھانی میں اہم میٹنگ کی صدارت کی۔ وزیر داخلہ نے جموں خطے کے کٹھوعہ ضلع میں سرحدی باہری چوکی Vinay کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پاکستان کی بین الاقوامی سرحد سے متصل علاقے میں سکیورٹی حالات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بارڈر سکیورٹی فورس BSF کے اہلکاروں سے بھی خطاب کیا اور قومی سلامتی کے تحفظ میں ڈیوٹی پر رہتے ہوئے سخت محنت، استقلال اور قربانیوں کیلئے فورس کے جوانوں کی ستائش کی۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ مودی حکومت سکیورٹی فورسز اور اُن کے اہل خانہ کی بہبود کے تئیں عہد بستہ ہے۔ امکان ہے کہ وزیر داخلہ آج بعد دوپہر نئی دلّی کیلئے روانہ ہوجائیں گے۔x

**SHIVRAJ SINGH NANDURBAR VISIT**

زراعت، کسانوں کی بہبود اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیر جناب شیوراج سنگھ چوہان نے کل مہاراشٹر کے نندُربار ضلع میں کرشی گیان وِگیان منڈیم اور Women ٹیکنالوجی پارک کا افتتاح کیا۔ تقریب کے دوران وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ کیمیاوی کھاد کا زیادہ استعمال نہ صرف انسانی صحت کیلئے خطرناک ہے بلکہ یہ کرۂ ارض کی صحت کو بھی نقصان پہنچا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِن تشویش کے مدنظر وزیرِاعظم نریندر مودی کی لیڈر شپ کے تحت قومی قدرتی زرعی مشن کا آغاز کیا

گیا ہے، تاکہ قدرتی کھیتی کے طریقوں کو فروغ دیا جاسکے۔x

## CR PATIL DAM SAFETY ACT

جل شکتی کے وزیر CR پاٹل نے کہا ہے کہ ڈیم سیفٹی کو محض تقاضے کی تکمیل کے طور پر نہیں بلکہ انسانی حفاظت، ایکو نظام کے تحفظ اور قومی لچکداریت کے تئیں عہد بستگی کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ انھوں نے زور دیا کہ وضاحت کردہ سبھی ڈیم مالکان کو پانی کے محفوظ مستقبل کو یقینی بنانے کی خاطر عالمی بہترین طریقہ کار اور جدید ترین ٹکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ضابطوں کے مطابق خاطر خواہ فنڈز مختص کرنے ہوں گے۔ جناب CR پاٹل نے کل نئی دلی میں نیشنل ڈیم سیفٹی اتھارٹی کی جانب سے منعقدہ سمپوزیم میں یہ بات کہی۔ سمپوزیم کا موضوع تھا: ''ڈیم سیفٹی قانون2021: ڈیم سیفٹی کے مربوط بندوبست کی جانب۔'' جناب CR پاٹل نے مزید کہا کہ ڈیمس اَب پرانے ہو رہے ہیں اور ڈیم سیفٹی کے لیے مزید حفاظتی اقدامات کیے جانے کی ضرورت ہے۔x

## US DENIES STAY TAHAWWUR RANA

امریکہ کی سپریم کورٹ نے سال 2008 کے ممبئی دہشت گردانہ حملے کے ملزم طہور رانا کی اُس درخواست کو مسترد کردیا ہے جس میں رانا نے اپنی بھارت حوالگی پر روک لگانے کا مطالبہ کیا تھا۔ 64 سالہ پاکستانی نژاد کینیڈیائی شہری رانا، فی الحال لاس اینجلس کے میٹرو پولیٹن حراستی مرکز میں قید ہے۔ رانا نے اِس سال 27 فروری کو امریکی سپریم کورٹ میں ایمرجنسی درخواست داخل کی تھی۔ سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر کل بتایا گیا کہ ''عدالت کی جانب سے درخواست مسترد کی جاتی ہے۔''

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور وزیراعظم نریندر مودی کی اِس سال فروری میں ہوئی ملاقات کے دوران، صدر ٹرمپ کی جانب سے رانا کی حوالگی کی منظوری کے بعد رانا نے یہ درخواست داخل کی تھی۔ سال 1997 میں بھارت اور امریکہ کے درمیان ہوئے حوالگی سمجھوتے کے تحت رانا کو بھارت کے حوالے کیا جائے گا۔x

## US-IRAN TALKS

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق اس سے براہ راست بات چیت کرے گا۔ انھوں نے ایران کو متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر بات چیت ناکام ہوتی ہے تو اسے بڑے خطرے کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کل اوول آفس میں اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ ٹرمپ نے نامہ نگاروں سے کہا کہ بات چیت ہفتے کے روز شروع ہوگی۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ ایران کو جوہری ہتھیار بنانے کی اجازت نہیں دے جائے گی۔

امریکہ اور ایران کے درمیان 1980 سے اس وقت سے براہِ راست سفارتی رشتے نہیں ہیں، جب ایران کے انقلابی

افراد تہران میں امریکی سفارتخانے میں گھس گئے تھے اور 444 دن تک 53 سفارتکاروں کو یرغمال بنا لیا تھا۔x

## PUNJAB BLAST BJP LEADERS HOUSE

پنجاب میں BJP کے ایک سینئر رہنما اور BJP نیشنل ایگزیکیٹو کے ایک رکن منورنجن کالیا کی جالندھر میں واقع رہائش گاہ پر گزشتہ رات ایک دیسی ساخت کے ایک بم جیسی چیز پھٹی۔ وزیر موصوف، جو پنجاب کے ایک سابق وزیر بھی ہیں، بال بال بچ گئے۔ تحقیقات جاری ہیں۔ تفصیلات کا انتظار ہے۔x

## IMD-WEATHER

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے راجستھان، سوراشٹر اور کچھ کے کچھ علاقوں میں آج شدید گرم لہر کے تعلق سے ایک ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے ہریانہ، چنڈی گڑھ، مغربی مدھیہ پردیش، گجرات، پنجاب، مغربی اترپردیش، وِدربھ اور مشرقی مدھیہ پردیش میں اگلے دو سے تین روز کے دوران لو چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے شمال مغربی بھارت، وسطی بھارت اور مہاراشٹر کے کئی حصوں میں آئندہ تین روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس تک کے بتدریج اضافے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق آسام، میگھالیہ، تمل ناڈو، پڈوچیری، ،کرائیکل، کیرالہ اور Mahe میں آج شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔x

## IPL-CRICKET

IPL کرکٹ میں، رائل چیلنجرس بینگلورو نے کل رات ممبئی وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس کو 12 رن سے شکست دی۔ 222 رن کے جیت کا نشانہ حاصل کرنے کیلئے ممبئی انڈینس مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 209 رن ہی بناسکی۔ RCB کیلئے کنال پانڈیا نے میچ کے آخری اوور میں تین وکٹ سمیت 4 وکٹ لئے۔پہلے بلے بازی کرتے ہوئے RCB نے مقررہ 20 اوورس میں پانچ وکٹ کے نقصان پر کُل 221 رن بنائے۔ رجت پاٹیدار نے محض 32 گیندوں میں 64 رن بنائے۔ پاٹیدار کو اُن کی بہترین کارکردگی کیلئے میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج سہ پہر وشاکھاپٹنم میں سنرائزرس حیدرآباد کا مقابلہ ڈیلی کیپٹل سے ہوگا، جبکہ آج شام گوہاٹی میں راجستھان رائلس کا سامنا چنئی سپرکنگس سے ہوگا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - ضمیر رضوی

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ذریعے محصولات عائد کیے جانے کی وجہ سے دنیا بھر کے حصص بازاروں میں آئی زبردست گراوٹ کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار انقلاب کی سرخی ہے، ٹیرف میں اضافہ کے سبب دنیا بھر کے شیئر بازاروں میں تاریخی گراوٹ، امریکہ اور چین کے درمیان تجارتی جنگ میں شدت، ٹرمپ کا پیچھے ہٹنے سے انکار۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیر داخلہ امت شاہ کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ جموں و کشمیر میں جلدہی سیکیورٹی صورتحال معمول پر آجائے گی۔ مرکزی حکومت کی کوششوں کے نتیجے میں دہشت گردی کے واقعات میں کمی آئی ہے۔ اسی اخبار نے دبئی کے ولی عہد کی آج بھارت آمد کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار ملاپ نے فجی کے وزیرصحت کی وزیر خارجہ ایس جے شنکر سے ملاقات کی خبر کو نمایاں کیا ہے۔

اخبار پرتاپ نے وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن کے 8 سے 13 اپریل تک برطانیہ اور آسٹریا کے دورے پر جانے کی خبر کو سرخی بنایا ہے۔ ہندوستان ایکسپریس نے بھی اسے اہمیت دی ہے۔ شمالی بھارت گرمی سے بے حال، 21 شہروں میں درجہ حرارت 42 ڈگری سیلسیس کے پار، بیشتر اخبارات نے اس خبر کو بھی نمایاں کیا ہے۔

اخبارات کی دیگر بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- غزہ میں اسرائیلی حملے میں صحافیوں سمیت مزید 50 فلسطینی ہلاک۔
- پندرہ امدادی اہلکاروں کا قتل، شواہد کے بعد اسرائیلی فوجیوں نے غلطی تسلیم کرلی۔
- کانگو میں سیلاب سے 30 سے زائد افراد ہلاک۔
- ایران میں مسلح افواج ہائی الرٹ پر، حملے کے دوران امریکہ کا ساتھ دینے والے ممالک کو سخت انتباہ۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 پردھان منتری مدرا یوجنا کے آج 10 سال مکمل ہورہے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی اب سے کچھ دیر بعد اسکیم کے استفادہ کنندگان سے بات چیت کریں گے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو پرتگال کے اُن کے 2 روزہ دورے کے دوران لزبن شہر کے اہم اعزاز سے نوازا گیا۔

☆ دبئی کے ولیعہد شہزادہ شیخ حمدان بن محمد المختوم آج بھارت کا دورہ کریں گے۔

☆ عالمی اسٹاک مارکیٹ میں اُتھل پتھل کے دوران عالمی رہنما صدر ٹرمپ کی محصولات کی جنگ کے خلاف یکجا ہورہے ہیں۔

☆ امریکہ کی سپریم کورٹ نے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے کلیدی ملزم تہور رانا کی اُس درخواست کو مسترد کردیا ہے، جس میں اُس نے اپنی بھارت حوالگی پر روک لگانے کا مطالبہ کیا تھا۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، رائل چیلنجرس بینگلورو نے ممبئی انڈینس کو 12 رن سے شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------